**وزیر اعظم اورفرانس کے صدر نے مشترکہ طور پر آئی ٹی ای آر ( ITER ) فیسلٹی کا دورہ کیا (12 فروری، 2025)**

12 فروری، 2025

وزیر اعظم جناب نریندر مودی اور فرانس کے صدر عزت مآب ایمنوئل میکرون نے آج کیداریچے(فرانس) میں بین الاقوامی تھرمو نیوکلیئر تجرباتی ری ایکٹر [آئی ٹی ای آر] کا مشترکہ طور پر دورہ کیا۔ آئی ٹی ای آر کے ڈائریکٹر جنرل نے دونوں رہنماؤں کا استقبال کیا۔ یہ کسی بھی سربراہ مملکت یا حکومت کے سربراہ کا آئی ٹی ای آر کا پہلا دورہ تھا، جو موجودہ وقت میں دنیا کے سب سے اہم فیوژن توانائی پروجیکٹوں میں سے ایک ہے۔

2- اس دورے کے دوران دونوں رہنماؤں نے آئی ٹی ای آر کی پیش رفت کی ستائش کی، جس میں دنیا کے سب سے بڑے ٹوکماک کی اسمبلی بھی شامل ہے، جس میں برننگ پلازما کی تیاری، ترکیب اورکنٹرول کے ذریعے 500 میگاواٹ فیوژن پاور پیدا کی جائے گی۔ دونوں قائدین نے اس پروجیکٹ پر کام کرنے والے آئی ٹی ای آر انجینئروں اور سائنسدانوں کی لگن کی بھی ستائش کی۔

3- ہندوستان آئی ٹی ای آر کے اِن سات اراکین میں شامل ہے، جنہوں نے گزشتہ دو دہائیوں کے دوران اس پروجیکٹ میں باہمی تعاون کیا ہے۔ آئی ٹی ای آر پروجیکٹ میں تقریباً 200 ہندوستانی سائنسدانوں اور ایسو سی ایٹس کےعلاوہ ایل اینڈ ٹی، آئی نوکس انڈیا، ٹی سی ایس، ٹی سی ای، ایچ سی ایل ٹیکنالوجیز جیسے قابل ذکر صنعت کار شامل ہیں ۔

مارسیل

12 فروری، 2025